پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

11/11/2020

ضلع سیتاپور میں گھاگھرا ندی پر واقع چہلاری باندہ اور گنیش پور باندہ پر سیلاب سے تحفظ کاموں کی اسکیم کے لیے 5 کروڑ 30 لاکھ 50 ہزار روپئے کی رقم جاری

لکھنؤ: ۱۱/ نومبر ۲۰۲۰ء-

محکمہ آبپاشی اور آبی وسائل کے ذریعہ رواں مالیاتی سال میں ضلع سیتاپور میں گھاگھرا ندی کے بائیں ساحل پر واقع چہلاری گھاٹ، گنیش پور باندہ کے درمیان سیلاب تحفظ کاموں کی اسکیم کے لیے 5 کروڑ 20 لاکھ 50 ہزار روپئے کی رقم جاری کرتے ہوئے پرنسپل انجینئر آبپاشی اور آبی وسائل محکمہ اتر پردیش لکھنؤ کی تحویل میں پر رکھنے جانے کی منظوری دے دی ہے۔

محکمہ آبپاشی اور آبی وسائل کے ذریعہ اس ضمن میں 06 نومبر 2020 کو ضروری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے ہدایت دی ہے کہ جاری رقم کا خرچ کرتے وقت شرائط پر سختی سے عمل کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے علاوہ سرکاری خرچے میں مالیاتی ضابطہ کا بھی ضروری طور پر عمل کیا جائے۔ پرنسپل انجینئر نابارڈ کی شرطوں نیز اسکیم کی گائڈلائن پر عمل کیے جانے کی بھی ہدایت دی گئی ہے۔

پرنسپل انجینئر، متعلقہ چیف انجینئر کو رقم الاٹ کریں گے۔ کسی بھی سطح پر سپرنٹنڈنٹ انجینئر / ایکزیکیٹو انجینئر کو پرنسپل انجینئر کے ذریعہ رقم الاٹ نہیں کیجائے گی۔ پرنسپل انجینئر الاٹ شدہ رقم کی اطلاع 10 دن کے اندر حکومت کو مہیا کرائیں گے حکم نامہ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ پرنسپل انجینئر کے ذریعہ مستقبل میں یہ بھی یقینی بنایا جائے کہ زمین تحویل کے لیے منظور شدہ لاگت سے زیادہ رقم جاری نہیں کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆